عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ
سُنّی دار الاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالی عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سُنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ ضلع لائلپور

قیمت ۲/۵۰

جائے گا یا ضرر پائے گا تو اتنی دیر پہن لینا چاہیئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۲۴: ہندو فقیر اللہ کی منزل تک پہنچتے ہیں یا نہیں

الجواب: ہندو ہو خواہ کوئی کافر وہ اللہ تعالیٰ کے غضب و لعنت تک پہنچتے ہیں جو یہ گمان کرے کہ کافر بغیر اسلام لائے اللہ تک پہنچ سکتا ہے وہ خود کافر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۲۵: وضو کے پانی سے استنجا کرنا درست ہے یا نہیں۔

الجواب: درست ہے۔ بہتر نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۲۶: دنیوی شے کو دینی شے سے نسبت دینا جائز ہے یا نہیں۔ مثلاً کوئی یوں کہے کہ فلاں جگہ مثل جنت کعبہ ہے۔

الجواب: اس مثال میں حرج نہیں۔ ہاں جہاں دینی شے کی بے حرمتی لازم آئے وہ ناجائز ہے بلکہ کبھی کفر تک پہنچے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۲۷: بارہ وفات یعنی ماہ ربیع الاول میں اگر عورتیں مسی مہندی لگائیں یا رنگ کر کپڑا پہنیں تو کچھ حرج نہیں۔

الجواب: کوئی حرج نہیں بلکہ اگر سوگ کی نیت سے چھوڑیں تو حرام ہے اسی طرح محرم شریف میں واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۲۸: اگر بیوی کا مذہب شوہر کے خلاف ہو تو اولاد حرام ہوگی یا حلال۔

الجواب: اگر ان میں سے کسی ایک کی بد مذہبی حد کفر تک پہنچی ہو تو اولاد ولد الزنا ہوگی ورنہ ولد الحلال واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۲۹: شراب پینا خدا کے راستے کو روکتی ہے یا نہیں

الجواب: بیشک ضرور روکتی ہے۔ اللہ اس کے پینے والے پر اللہ لعنت کرتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۳۰: کمر میں پٹکا باندھ کر نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں۔

الجواب: درست ہے۔ مگر دامن اس کے نیچے نہ دب جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۳۱: داڑھی کو وسمہ یا مہندی لگانا چاہیئے یا نہیں۔

الجواب: وسمہ لگانا حرام ہے۔ مہندی جائز بلکہ سنت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم